ثناء سے متعلق چند مسائل:

سوال: ثناء پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ نیز بعد میں شریک ہونے والا کب پڑھے گا؟ اگر کسی نے سہواً ثناء چھوڑ دیا تو سجدہ سہو واجب ہوگا یا نہیں؟ اور اگر قصداً چھوڑ دیا تو کیا حکم ہے؟

الجواب: ثناء پڑھنا سنت ہے۔ منفرد اور امام ہر حال میں ثناء پڑھیں گے، اگر جہری نماز میں امام نے قراءت شروع کردی ہے تو بعد میں شامل ہونے والا ثناء نہ پڑھے، نیز سری نماز کا بھی یہی حکم ہے اصح قول کے مطابق ایک ضعیف روایت یہ بھی ہے کہ سری نماز میں بعد میں شریک ہونے والا ثناء پڑھے گا، مسبوق جب اپنی چھوٹی ہوئی نماز پوری کرے گا تب ثناء پڑھے گا، اگر بھول سے چھوٹ گیا تو کوئی حرج نہیں ہے اور سجدہ سہو بھی واجب نہیں ہے البتہ جان بوجھ کر چھوڑ دینا بہت برا ہے اور ملامت کا مستحق ہے اور عادت بنالی ہے تو گنہگار ہوگا، اور اگر سنت کو ہلکا سمجھ کر چھوڑتا ہے تو کفر کا اندیشہ ہے۔

ترمذی شریف میں ہے:

عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت: كان النبي ﷺ إذا افتتح الصلاة قال: سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالىٰ جدك ولا إله غيرك.

(رواه الترمذي: ١/٥٧، باب مايقول عندافتتاح الصلاة، فيصل)

مراقی الفلاح میں ہے:

ويسن الثناء لما روينا لقوله ﷺ: إذا قمتم إلى الصلاة فارفعوا أيديكم ولاتخالف آذانكم ثم قولوا: سبحانك اللّٰهمّ وبحمدك وتبارك اسمك وتعالىٰ جدك ولا إله غيرك.

(مراقي الفلاح: ص ٩٥، مكة المكرمة)

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

(مستفتحًا وهو أن يقول سبحانك اللّٰهمّ ...... ويستفتح كل مصل سواء المقتدى وغيره مالم يبدأ الإمام بالقراءة، ولو سرية على المعتمد وإن أدركه راكعاً تحرى إن أكثر رأيه أنه إن أتى به أدركه في شيء منه أتى به وإلا لا، نهر.

(حاشية الطحطاوي على المراقي: ص ٢٨١ قديمي كتب خانه)

حاشیۃ الطحطاوی علی الدر میں ہے: